سوال

(587)ایک بھائی مجھے کاروبار میں شریک کرنا چاہتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک بھائی مجھے کاروبار میں شریک کرنا چاہتا ہے ہم ان کو5000/-روپے دیں گے وہ اس رقم کو اپنے کاروبار میں لگائے گا اور ہمیں بغیر کسی شرط کے ماہانہ منافع 1000/- دے گا۔ کیا یہ منافع سود تو نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے جو صورت لکھی وہ سود کے زمرہ میں آتی ہے مضاربت کرلیں وہ درست ہے کہ نفع میں مضارب اور مال والا حصے متعین فرمالیں اور نقصان کی صورت میں خسارہ مال والے کے ذمے ہوگا مضارب کے ذمہ نہیں ڈالا جائے گا بشرطیکہ وہ امانت سے کام لے۔ ۲/۱۲/۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02 ص495

محدث فتویٰ